## AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Time** 12:30....12:35 /PM

**Date: 29 July 2026**

---

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

دوپہر کے **12** بجکر **50** منٹ ہوئے ہیں۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بصارت گل۔

پارلیمنٹ

لوک سبھا میں آج معمول کی کاروائی شروع ہوتے ہی اپوزیشن ممبران نے دلی میں طالب علموں کے احتجاج کے دوران پولیس کاروائی پر وزیر داخلہ کے بیان کی مانگ کی۔سپیکر اوم برلا نے وقفہ سوالات شروع کرنے کا اعلان کیا تاہم حزب اختلاف نے اپنا احتجاج جاری رکھا جس کے بعد ایوان کی کاروائی دوپہر **12** بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔راجیہ سبھا میں بھی اسی طرح کے مناظر دیکھے گئے۔ایوان بالا کی کاروائی بھی اپوزیشن ممبران کے احتجاج کے نتیجے میں دوپہر **12** بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔

دورہ

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار کی سربراہی میں جموں وکشمیر کے اعلیٰ سطح کے ایک وفد نے حال ہی میں یورپ کا دورہ کیا۔اس دورے کا مقصد یورپی ممالک میں ہارٹیکلچر کے فروغ کیلئے اپنائی جارہی جدید ٹیکنالوجی کے بارے میں معلومات حاصل کرنا تھا تاکہ اس ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاکر جموں وکشمیر میں باغبانی شعبے کو جدیدیت سے ہمکنار کرایا جاسکے۔دورے کے دوران وفد کے ممبران نے بین الاقوامی شہرت یافتہ ہارٹیکلچر نرسریز اور

ہارٹیکلچر سے وابستہ چند ایک اداروں کا بھی دورہ کیا۔ دورے کے تعلق سے وزیر زراعت جاوید احمد ڈار نے کہا ہے کہ اس طرح جموں و کشمیر میں باغبانی شعبے کو فروغ دینے کیلئے سرکار کی سنجیدگی اور عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔

انو ملہوترا

رورل سینی ٹیشن ڈیپارٹمنٹ کی ڈائریکٹر جنرل انو ملہوترا نے سوچھ بھارت مشن گرامین کے تحت دستیاب رقومات کا منصفانہ اور مناسب استعمال کرنے کی ہدایت دی ہے۔ ایک میٹنگ کے دوران جموں و کشمیر کے تمام اضلاع میں اس مشن کی عمل آوری کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے مختلف منصوبوں کی بروقت تکمیل کی ہدایت دی۔ انو ملہوترا نے قصبوں اور دیہات میں کوڑا کرکٹ کو مناسب طریقے پر ٹھکانے لگانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے سے جاری ہے اور کل شام تک مجموعی طور ساڑھے **4** لاکھ سے زیادہ یاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے تھے۔ آج دوپہر **12** بجے تک **4** ہزار **68** مزید یاتریوں نے گپھا پر حاضری دی۔ پہلگام راستے پر مرمت کا کام جاری ہے جس کے چلتے اس روٹ سے یاترا عارضی طور پر بند ہے۔ اسی بیچ آج بھگوتی نگر جموں کے بنیادی کیمپ سے **2** ہزار **51** یاتریوں پر مشتمل **22** واں قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا۔

چھڑی مبارک

شری امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں آج صبح چھڑی مبارک کو سرینگر کے دشنمی اکھاڑہ سے مہنت دیپندر گری کی قیادت میں پہلگام کی طرف روانہ کیا گیا۔ ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ پہلگام پہنچنے پر چھڑی مبارک کا بھومی پوجن ہوا جس میں شردھالوؤں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق ونگ نے ایک طویل عرصے سے زیر سماعت بھرتی سے متعلق دھوکہ دہی کے ایک معاملے میں ملزم کو سزا دلوانے میں کامیابی حاصل کی ہے۔تیرہویں فائنانس کمیشن کی ایک خصوصی عدالت نے بڈگام کے رہنے والے نذیر احمد ملک نامی ایک شخص کو قصوروار قرار دیتے ہوئے سزا سنائی ہے۔مذکورہ شخص پر جعلی تعلیمی اسناد کا استعمال کر کے انڈین ریزرو پولیس میں دھوکہ دہی سے کانسٹیبل کی نوکری حاصل کرنے کاالزام ہے۔

گرو پورنما

ملک بھر میں آج گرو پورنما کا تہوار منایا جارہا ہے۔یہ دن روحانی گروؤں کی یاد میں منایا جاتا ہے۔وزیر اعظم نریندر مودی ،لوک سبھا سپیکر اوم برلا اور وزیر داخلہ امت شاہ نے اس دن کی ماسبت سے ملک کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی انسانیت کے اقدار کو بڑھاوا دینے میں گروؤں کے رول کو اہم قرار دیتے ہوئے لوگوں کو نیک خواہشات پیش کیں۔

ڈسی سی سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے انتظامیہ کے افسران کی ایک میٹنگ طلب کر کے ضلعے میں مختلف فلاحی اور فلیگ شپ اسکیموں کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔میٹنگ کے دوران وے وندنا یوجنا اور ٹی بی مکت بھارت ابھیان کی پیش رفت کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔ڈپٹی کمشنر نے 70 سال سے زیادہ کی عمر کے اہل بزرگ شہریوں کو وے وندنا یوجنا کے دائرے میں لا کر اس اسکیم کے فوائد ان تک پہنچانے کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔انہوں نے ٹی بی مکت بھارت ابھیان کے تحت ٹیسٹنگ ،نگرانی اور بیداری پروگراموں میں وسعت لانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

ڈی سی بڈگام

ضلع ترقیاتی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے کہا ہے کہ زرعی سیکٹر کو مزید فروغ دینے کیلئے بنیادی سطح پر بامعنی اقدامات کئے جانے چاہئیں۔ شیخ العالم ہال بڈگام میں کل ایک روزہ کسان میلے کا افتتاح کرنے کے بعد انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی کو لیبارٹریوں سے کھیتوں تک لے جانے سے اس سیکٹر میں جدیدیت لائی جا سکتی ہے۔ اس ورکشاپ کے دوران ضلع کے مختلف علاقوں سے آئے کسانوں کو پائیدار زرعی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق جانکاری فراہم کی گئی۔

ڈی سی کولگام

کولگام کے ڈپٹی کمشنر شہزاد عالم نے ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے دوسرے مرحلے کی عمل آوری اور اس سلسلے میں اب تک کی حصولیابیوں کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ اس اسکیم کے تحت 21 ہزار 533 درخواستیں موصول ہوئی ہیں جن میں سے 17 ہزار 701 درخواست دہندگان کو اسکیم کیلئے اہل پایا گیا اور ان کی درخواستوں پر کاروائی شروع کی گئی ہے۔ ترقیاتی کمشنر نے اس اسکیم سے متعلق جانکاری عام کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب کی ہدایت پر منی سیکرٹریٹ بانڈی پورہ میں وقار نالج سینٹر قائم کیا گیا ہے۔ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول اجس کی طالبات نے ضلع انتظامیہ کی اس مہم کے تحت مذکورہ سینٹر کا دورہ کیا۔ اس موقعے پر وہاں تعینات عملے نے طالبات کو سرکار کی مختلف اسکیموں اور خدمات کے علاوہ کیریئر Guidence سے متعلق حکومت کے منصوبوں کے بارے میں جانکاری دی۔

جہاز رانی

بھارت جہاز رانی کی عالمی صنعت کیلئے 3 لاکھ 11 ہزار 936 سمندری پیشہ ور افراد کی فراہمی کر کے جہاز رانوں کی فراہمی کرنے والا دنیا کا سب سے بڑا ملک بن کر ابھرا ہے۔ BIMCO-ICS جہاز رانوں کی افرادی قوت سے متعلق 2026 کے ریکارڈ کے تحت بھارت میں اب دنیا کی جہاز رانوں کی افرادی قوت کا 12 عشاریہ ایک چھ فیصد حصہ موجود ہے۔ اس طرح سے بھارت جہاز رانی شعبے میں چین سے آگے ہے۔ اس حصولیابی سے بھارت کے سمندری شعبے کی تاریخ میں سب سے زیادہ تبدیلی کی نشاندہی ہوتی ہے۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ اجازت دیجئے۔ خدا حافظ۔